بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ، نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُأَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ صلى الله عليه وعلى آله وصحبه وسلّم تسليماً كثيراً، أَمَّابَعْدُ:

# کامیابی کی بنیادیں

ارشاد باری تعالیٰ ہے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمْ

﴿وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣﴾(العصر:1-3)

آج کی نشست کا موضوع ہے **کامیابی کی بنیادیں**۔ ہر عقلمند انسان کامیابی کا خواہش مند ہے کامیاب ہونا چاہتا ہے، ہر قوم کامیاب ہونا چاہتی ہے، لیکن کامیابی کی طرف پہنچنے کے لیے مختلف راستے اپنائے گئے ہیں مختلف طریقے اپنائے گئے ہیں، بعض لوگ کامیاب ہوئے، بعض قومیں کامیاب ہوئیں،اور بعض ناکام ہوئے۔

اس زندگی میں ہر چیز کے اصول ہیں بغیر اصول کے کوئی چیز بھی نہیں ہے ہر چیز کی بنیاد موجود ہے؛ میں ڈاکٹر بنا ہوں اصولوں کی بنیاد پر، پرائمری اسکول میں داخلہ لیا اس کو پاس کرنا پڑا، پھر مڈل اسکول ہے، پھر سیکنڈری اسکول ہے، پھر کالج ہے،اس کے بعد میں جاکر میں ڈاکٹر بنا،تو بنیادیں ہیں۔

آپ کا ایک مقصد ہے اُس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اگر آپ اصولوں کے مطابق زندگی گزاریں گے تو اس مقصد کو حاصل کریں گے اور مقصد کو حاصل کرنا ہی کامیابی ہے،اور اگر آپ اپنے طریقے اپنائیں گے اپنے من گھڑت اصول بنائیں گے تو پھر آپ منزل مقصود تک ہر گز نہیں پہنچ سکتے۔

آج کی نشست میں جن نکات پر میں بات کروں گا اُن میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ میں پریکٹیکل مثال دینا چاہتا ہوں، ہم سب کامیابی کے خواہش مند ہیں اور کامیابی کے متعلق بہت ساری باتیں سُن چکے ہیں، بہت سارے لیکچر بھی سُن چکے ہیں لیکن میں نے یہ سوچا کہ ایک عملی مثال ایک پریکٹیکل مثال بیان کر دی جائے تاکہ ہمیں محسوس ہو کہ واقعی بنیادوں پر زندگی اگر ہم بسر کریں تو ہم کہیں پہنچ سکتے ہیں ہم کامیاب ہو سکتے ہیں،اور اس کی ایک بڑی مثال دیکھی ہے جاپان۔

جاپان معروف ملک ہے دنیا میں آج جاپان کا اثر ہے جاپان کہاں سے شروع ہوا؟ جاپان کی تاریخ 1945 میں بدلی ہے۔

جاپان کہاں تھا آج جاپان کہاں پر ہے، جاپان کیسے کامیاب ہوا، اپنے مقاصد کو کیسے پورا کیا کیسے حاصل کیا، اور کیا واقعی جاپان کامیاب ہوا یا نہیں ہوا دیکھتے ہیں۔

جن نکات پر میں بات کروں گا:

1- جاپان 1945 میں کل۔

2- جاپان آج 2009 میں۔

3- ہر کامیابی کے پیچھے ایک راز ہوتا ہے جاپانیوں کی کامیابی کے پیچھے کون سا راز ہے؟

4- جاپان میں تعلیم۔

5- جاپان میں محنت۔

6- جاپانیوں کے اخلاق۔

7- جاپانیوں کے لیے سب سے زیادہ قیمتی چیز کیا ہے؟

8- جاپان میں بچوں کی تعلیم کیسے کی جاتی ہے؟

9- کامیابی کی بنیادیں کیا ہیں؟

10- کیا آپ جانتے ہیں چھوٹی سی انفارمیشن (Information) ہے؟

11- جاپان کیسے کامیاب ہوا؟

12- آج جاپانی فخر محسوس کرتے ہیں۔

13- کیا جاپان واقعی کامیاب ہوا؟

14- کامیابی کی اصل بنیادیں کیا ہیں؟

یہ جاپان ہے جاپان کا نقشہ ہے یہ رنگین زمین آپ کو نظر آرہی ہے اس رنگین زمین کے ساتھ کیا ہوا؟

ایک معروف حادثہ ہیروشیما اور ناگاساکی میں 1945 میں وہاں پر ہوا ایٹم بم گرادیا گیا تھا۔

اور جو اگلی سلائیڈز ہیں یہ اُس مصیبت کی سلائیڈز ہیں جس میں ہم دیکھیں گے سب مل کر کہ جاپانیوں پر کیسے قیامت ٹوٹی لیکن میری گزارش ہے کہ یہ جو ڈیزاسٹر (Disaster) کی سلائیڈز ہیں یہ چھوٹے بچوں کے لیے، دل کے مریضوں کے لیے اور بلڈ پریشر کے لیے مناسب نہیں ہیں تو میں گزارش کرتا ہوں کہ بچے جو ہیں آپ اُس طرف مڑ جائیں۔

6اگست 1945 میں ہیروشیما میں بم گرا،اور 9اگست 1945 میں ناگاساکی میں تین دن کے بعد دوسرا بم گرا، آسمان کی یہ حالت ہے آپ کو نظر آرہی ہے آپ دیکھیں کہ یہ آسمان ہے اور یہ جو بادل نظر آرہے ہیں آپ کو 12 ہزار میٹر بلندی پر یہ بادل چلے گئے ہیں اور یہ خوبصورت نیلا آسمان کیسے کالا پڑ گیا ہے !

یہ ناگاساکی ہے 60 ہزار فیٹ تک یہ بادل آپ کو نظر آرہے ہیں اس طریقے سے یہ آسمان تبدیل ہوا ہے، یہ زمین تھی اس طرف بم گرنے سے پہلے ،اور یہ جو بم گرا ہے اس کے بعد آپ دیکھیں زمین کیسے مسخ ہوگئی ہے ! یہاں پر دیکھیں یہ گھر ہیں کچھ ہی منٹ کے بعد یہ زمین صاف ہوگئی ہے کچھ بھی نہیں رہا!

آپ یہاں پر دیکھ رہے ہیں اُس دن ایک لاکھ چالیس ہزار (140,000) بندہ ہیروشیما میں مر گیا بُھن گیا کچھ نہ بچا!

یہ ناگاساکی ہے یہ بم گرنے سے پہلے تصویر دیکھ رہے ہیں آپ یہ بلڈنگز یہ گھر یہ روڈ یہ نہریں سب کچھ ، یہاں پر دیکھیں بالکل صاف میدان نظر آرہا ہے،اسّی ہزار (80,000) بندہ ایک ہی جھٹکے میں راکھ ہوگا!

یہ زمین کی حالت ہے ہیروشیما میں یہاں پر انسان بستے تھے انسانوں کے گھر تھے آپ کو نظر آرہا ہے کچھ نہ رہا! یہ اُن کے گھر ہیں یہ ملبہ ہے۔

ہیروشیما شہر جو ہے وہ چار سو (400) سال پرانا شہر ہے اس کی یہ حالت ہوگئی ! یہ بلڈنگ جو آپ کو نظر آرہی ہے بم یہاں پر اس کے اوپر آکر پھٹا ہے زمین پر نہیں گر کر پھٹا بم ،اس لیے واحد بلڈنگ نظر آرہی ہے جو بچ گئی ہے باقی سب کی سب ختم ہو چکی ہیں !اس کے اوپر گرا ہے امبریلا (Umbrella) کی طرح ایسے اور پھر جو ارد گرد کا علاقہ ہے سارا کا سارا تباہ ہوگیا ! یہ پُرانی بلڈنگ ہے اُن کی یہ بھی ختم ہوگئی۔

یہ تصویر ہیروشیما کے میوزم میں موجود ہے یہاں پر کہا جاتا ہے کہ ایک انسان بیٹھا تھا یہ بینک ہے بینک کھلنے کے انتظار میں کیونکہ صبح سوا آٹھ بجے (08:15) یہ بم گرا تھا ہیروشیما میں تو یہ شخص بینک کے کھلنے کا انتظار کر رہا تھا، یہاں پر ایک انسان بیٹھا تھا 250 میٹر کے فاصلے پر جہاں پر بم گرا ہے (یہ 250 میٹر کے فاصلے پر بیٹھا تھا) یہ انسان کہاں گیا ہے ؟اُس کا صرف یہ سایہ موجود ہے کوئی پتہ نہیں کہ انسان کس طریقے سے پگھلا ہے ، ہوا میں اُڑ گیا ہے،اُس کی راکھ کہاں گئی اُس کی ہڈیاں کہاں گئیں کوئی پتہ نہیں ہے !آج تک کسی کو نہیں پتہ چلا کہ وہ کہاں گیا لیکن اُس کے یہ خون کے دھبے اور یہ سایہ موجود ہے کالا سیاہ !

یہ برج (Bridge) دیکھ رہے ہیں آپ اتنا شدید دھماکہ ہوا کہ یہ جو گرل ہے اس کی سفیدی نظر آرہی ہے باقی سب کا سب جل گیا ہے ،روڈ بھی جل گئے ہیں !

یہ گھر ہیں، یہ درخت تین سو(300)سال پُرانا کافور کا درخت تھا یہ جڑیں دیکھیں درخت کی اتنا شدید دھماکہ ہوا تھا، 19 ٹنز پَر اسکوائر میٹر (19 tons per square meter) آپ امیجن (Imagine) کر سکتے ہیں ڈھائی لاکھ (250,000) بندہ ہیروشیما، ناگاساکی میں مر گیا! (ڈھائی لاکھ!)۔انسانوں کی حالت کیا تھی؟

وہ تو زمین و آسمان کی حالت درختوں کی میں نے بیان کی ہے انسان ہیں یہ انسان جلا ہوا پڑا ہے، یہ سر ہے یہ اُس کا بازو ہے باقی جسم کو کوئی حصہ نظر نہیں آرہا! یہ ایک سال کا بچہ ہے اور یہ لڑکا پڑا ہے یہاں پر یہ جلا ہوا انسان! اور جو تھوڑا سا بچا ہے زندہ اُس کی یہ حالت ہے کہ پورا جسم جل چکا ہے! جو علاج کے لیے کہیں پر پہنچے میڈیکل سینٹر میں اُن کا جسم اتنا کمزور ہو گیا تھا جلد پر جب انجکشن لگاتے تو پورا چہرہ دیکھیں جسم پگھلنا شروع ہو گیا دوائی کے قابل بھی نہ رہے! اور جو بچ گئے ڈائریکٹ اٹیک سے اُن کے یہ خون کے دھبے ہیمرج (Haemorrhage) شروع ہو گیا جلد کے اندر جلد کے نیچے خون جاری ہو گیا اور آنکھوں میں یہ بیماری پیدا ہو گئی کیٹریکٹ (Cataract) کی اور اکثر جو بچے تھے اندھے ہو گئے۔اور جو اِن سب سے بچ گیا یہ واحد انسان ہے سروائیور (Survivor) ہے جو بچا ہے کئی سالوں کے بعد اس کی یہ تصویر ہے یہ صرف نام کا انسان بیچارا بچا ہے شکل کا انسان نہ رہا! اس کے کئی سالوں کے بعد بعض مالنیوٹریشن (Malnutrition) کی بیماری سے ریڈی ایشن سکنس ( Radiation Sickness) کی بیماری سے مر گئے، لیوکیمیا بلڈ کینسر (Leukemia blood cancer) کی بیماری سے مرے ہیں دوسو اکتیس (231)، اس کے بعد باقی کینسرز (334)۔اس طریقے سے مختلف ریڈی ایشنز (Radiations) کا اثر کئی سالوں تک رہا آج بھی بعض بچے اپاہج پیدا ہو رہے ہیں۔

وہ جاپان تھا کل 1945 میں آیئے دیکھتے ہیں آج جاپان کیا ہے 2009 میں۔

1-یہ وہی ہیروشیما ہے جس کا ملبہ ابھی ہم نے تھوڑی دیر پہلے دیکھا تھا انہوں نے اس طریقے سے شہر کو بنایا ہے یہ معلوم نہیں ہو رہا کہ آسمان کے ستارے زمین پر گر گئے ہیں یا انہوں اپنی بلڈنگ آسمان پر بنادی ہے۔

ہیروشیما بم گرنے سے پہلے یہاں پر تھا یہ سمندر کے اوپر نہیں تھا انہوں نے بم کے بعد صرف اس جگہ کو نہیں بنایا جو اُن کی خراب ہوئی تھی جو تباہ ہو گئی تھی انہوں نے سمندر کے اوپر بھی یہ بلڈنگز بنادی ہیں، یہ اور تصویریں ہیں ہیروشیما کی دیکھیں سمندر پر صرف برجز (Bridges) نہیں بنے بلکہ بڑی بڑی بلڈنگز بھی انہوں نے بنادی ہیں۔

2-رات کی تصویریں تھیں یہ دن کی تصویر بھی دیکھیں یہ روشن دن ایک دفعہ پھر ہیروشیما شہر میں نظر آیا ہے، بلڈنگز دیکھیں صفائی دیکھیں، ایک سسٹم کے مطابق انہوں نے اپنی زندگی گزارنا شروع کی ہے، یہ روڈز (Roads) یہ بسیں اور بسوں کے لیے

خاص اسٹینڈز ہیں آپ کو بس یہاں پر نظر نہیں آئے گی اس جگہ پر یا اس جگہ پر بسوں کے لیے روڈ کے درمیان میں خاص اسٹینڈز بنے ہیں۔

3- جاپان کی آبادی جانتے ہیں کتنی ہے؟ بارہ کروڑ چالیس لاکھ (12,40,00000)، بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ آبادی زیادہ نہیں ہے اُن کی، اُن کا مسئلہ تھا کار پارکنگ کا انہوں نے یہ دیکھیں لفٹیں جو ہیں انسانوں کے لیے صرف نہیں بنائیں کاروں کے لیے بھی بنائی ہیں، یہ کار اندر جا رہی ہے یہ اندر چلی گئی ہے یہ اوپر ہو رہی ہے نکلنے کے لیے یہ جو نیچے جگہ ہے یہ روڈ ہوتی ہے، کار خود نہیں مڑتی جو مین ایگزٹ (Main exit) ہے اس طرف بٹن دباتے ہیں خود مڑ جاتا ہے یہ کار باہر چلی جاتی ہے، سسٹم ہے۔

4- تین سو (300) سال پُرانا کافور کے درخت کے ساتھ جو حشر ہوا دیکھا ہم نے یہ پھر سے ہریالی یہ گرینری (Greenery) یہ خوبصورتی پھر سے پیدا ہو گئی۔

جاپانیوں کے اخلاق پر نظر ڈالتے ہیں۔

1- یہ جاپانی کھانا کھا رہا ہے یہ پلیٹیں کھا چکا ہے (امیجن (Imagine) کریں یہ خالی پلیٹیں جو صاف دھلی ہوئی نظر آ رہی ہیں کھانا کھا چکا ہے) یہ باقی کھا رہا ہے اور یہاں پر یہ کھانا کھا چکے ہیں آپ کو کوئی ایک پلیٹ بھی نظر آ رہی ہے جس میں کچھ بچا ہو، یہ دیکھیں!

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ ابھی کھانا شروع کریں گے کھانا نہیں کھایا، وہ ٹرے لے کر جاتے ہیں ٹرے کے اوپر پلیٹیں ہوتی ہیں اور کھانا ڈالتے ہیں پھر ٹرے کو رکھتے ہیں ہماری طرح نہیں کہ پہلے پلیٹ رکھی پھر کھانا ڈالا! یہ چاہیے تو ہمیں تھا مسلمانوں کو کہ ہماری پلیٹیں اتنی صاف ہوں لیکن اُن کے اخلاق دیکھیں۔

2- یہ جو گھر ہے ہیروشیما میں جاپان میں جانتے ہیں کس کا گھر ہے؟ ایک کلینر کا گھر ہے (صفائی والے کا) جو باہر صفائی کرتے ہیں نا ٹرکوں والے یہ اس کا گھر ہے، اخلاق دیکھیں ان لوگوں کا اسے صفائی والا نہیں کہتے اوئے فلاں نہیں کہتے اس کا نام ہے کلینگ انجینئر (Cleaning Engineer)، انجینئر ہے وہ۔

تنخواہ کتنی لیتے ہیں اس کی سیلری دیکھیں ذرا 75 ہزار ڈالر سے لے کر ایک لاکھ ڈالر تک، آٹھ ہزار ریال سے ماہانہ تنخواہ دی جاتی ہے صفائی والے کو لیکن ادب دیکھیں صفائی والا نہیں کہتے اسے کہتے ہیں کلینگ انجینئر (Cleaning Engineer) اور اس کے لیے ویکنسی (Vacancy) نہیں ہوتی ہر انسان خواہش کرتا ہے کہ میں خدمت کروں جاپان کی اور جاپانیوں کی اور اس کے لیے خاص تعلیمی نظام ہے اس کے لیے امتحان ہوتا ہے ریٹن (Written) بھی ہوتا ہے، وائیوا (Viva) بھی ہوتا ہے پریکٹیکل بھی ہوتا

ہے، جو پاس ہوتا میرٹ کی بنیاد پر اس کو داخلہ ملتا ہے اور اس طریقے سے وہ فخر محسوس کرتا ہے کہ وہ اپنے ملک کی اپنی قوم کی صفا ئی کرتا ہے۔

3- یہ ایک پارک ہے یہ جوان بیٹھے ہیں کچھ باتیں کر رہے تھے باتیں کرتے کرتے ایک چپس French fries جو ہے اس کا ایک چھوٹا سا ڈبہ جو یہاں پر رکھا ہوا تھا وہ کہیں پھسل کر گر گیا زمین پر گرا ہے آپ دیکھیں ذرا کہ سب ٹین ایجرز (Teenagers) ہیں ان میں سے کوئی بزرگ آپ کو نظر نہیں آئے گا جلدی سے اٹھے چاروں جیسے کوئی بڑی مصیبت نہیں آ جاتی چاروں اٹھے اور یہاں پر دیکھیں یہ صفائی کر رہے ہیں جو گرا تھا اس کو اٹھا رہے ہیں، ان سے پوچھا گیا آپ لوگوں نے یہ کیا کیوں صفائی والے آئیں گے نا تو صفائی کریں گے ؟! وہ کہتے ہیں غلطی مجھ سے ہوئی (محاسبہ دیکھیں اپنا) اور اپنی غلطی کا میں ذمہ دار ہوں جو گند میں نے کیا ہے اسے صاف بھی میں خود ہی کروں گا یہ میری ذمہ داری ہے اور میں اپنی ذمہ داری پوری کروں گا۔

(چھوٹے سے مسائل کو بھی انہوں نے بہترین طریقے سے حل کیا کہتے ہیں نو پرابلم اِن جاپان ( No problem in Japan)، یہ ان کا موٹو (Motto) ہے جاپان میں کوئی پرابلم نہیں ہے)۔

4- دیکھیں یہ فلش (Flush) ہے یہاں پر جو ہتھیلی ہے یہ والی ہے اب اس میں دیکھیں یہ جو بٹن ہے میوزک کی اس میں جو شکل بنی ہوئی ہے یہ میوزک نہیں ہے یہ فلش (Flush) کی آواز ہے، عام طور پر بعض اوقات گیس کا پرابلم ہوتا ہے اور بڑی ظالمانہ آوازیں سنائی دیتی ہیں بعض اوقات، تو انہوں نے ایک سسٹم پیدا کیا ہے (اخلاق دیکھیں) گھر چھوٹے ہوتے ہیں اب پٹاخے بج رہے ہیں پورے گھر میں بچے بھی پریشان ہوں تو انہوں نے ایک سسٹم بنایا ہے کہ آپ اس بٹن کو دبائیں سننے والے کو یوں لگتا ہے کہ فلش (Flush) ہو رہا ہے اور اندر آپ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں آپ کر لیں۔ پرابلم ہے لیکن ہر پرابلم کے لیے ہمیشہ ایک اچھا حل ہوتا ہے۔

ہمارے نزدیک "مسئلہ ہی نہیں ہے بھئی"، ایک نیچرل پرابلم ہے اس کا حل ہمارے نزدیک کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن اُن کے نزدیک مسئلہ ہے اور مسئلہ ہے تو اس کا حل بھی ہونا چاہیے؛ حل کیسے کیا؟ ان کی سوچ کے مطابق جو بہترین حل تھا وہ کیا۔

5- اور یہ دوسرے بٹن جو ہیں یہ ٹمپریچر کے لیے ہیں کہ سردی ہے تو پانی گرم ہونا چاہیے بٹن دبائیں پانی گرم ہو جائے گا، گرمی ہے تو بٹن دبائیں پانی کا جو ٹمپریچر ہے وہ برقرار رہے گا۔

6- بارشوں کا ملک ہے بارشیں زیادہ ہوتی ہیں جاپان میں آپ جانتے ہیں اور چھتری کا استعمال زیادہ ہوتا ہے اب جب چھتری کا استعمال کریں گے آپ تو گیلی ہو گی، جب گیلی ہو گی جب بھی آپ اپنے گھر میں جائیں گے یا کسی بڑے مال میں جائیں گے یا مارکیٹ

میں جائیں گے یا ہوٹل میں جائیں گے تو یہ فلور جو ہے زمین جو ہے یہ گیلی پڑ جائے گی اور کوئی انسان پھسل بھی سکتا ہے، تو انہوں نے اس کے لیے ایک خاص مشینیں بنائی یہ مشینیں دونوں آپ کو ہر مال میں ہر ہوٹل میں نظر آئیں گی پبلک ایریاز میں، یہاں پر چھتری ڈالی جارہی ہے اندر جارہی ہے یہ اندر ہے پاؤں سے (ہاتھ کا استعمال ہاتھ نہ کریں آپ) اس کو دبائیں یہ پلاسٹک کا ربڑ چھتری کے اوپر آجاتا ہے اور آپ اس چھتری کو لے کر گھومتے رہیں مال میں جب باہر جانا ہو یہ دوسرا ہال ہے اس میں چھتری کو ڈالیں اور پاؤں کے سہارے سے دبائیں یہ جو آپ نے پلاسٹک کور چڑھایا تھا یہ پھر سے نکل جائے گا اور آپ خود بھی محفوظ اور آپ کے جاپانی بھائی بھی محفوظ۔

7-موبائل ہم سب استعمال کرتے ہیں موبائل میں مختلف موڈز (Modes) ہوتے ہیں ہمارے موبائلز میں سائیلنٹ موڈ (Silent Modes) ہوتا ہے ہوتا ہے کہ نہیں؟ اُن کے موبائل میں مینرز موڈ (Manners Modes) سائیلنٹ موڈ (Silent Modes) نہیں نظر آئے گا آپ کو (ادب اور اخلاق) بے ادبی ہے اگر آپ کہیں سائیلنٹ (Silent) کر دیں یا سائیلنٹ (Silent) ہو جائیں۔

بے ادبی ہے کہ اگر آپ کے موبائل میں ادب کا لفظ نہ ہو، جو بھی موبائل استعمال کرتا ہے وہ ادب کے لیے اخلاق کے لیے استعمال کرتا ہے جب اس نے کسی ایسی جگہ پر جانا ہو جہاں پر اس کو بجنا نہیں چاہیے تو پھر مینرز موڈ (Manners Mod) استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا یہ طریقہ ہے زندگی بسر کرنے کا چھوٹی سی باتیں ہیں لیکن گہرا اثر چھوڑ جاتی ہیں۔

8-یہ جوتوں کی جگہ ہے باکس ہے جوتوں کے لیے یہ جوتے دیکھیں ایک باہر پڑا ہے! جاپان میں جوڈو کراٹے بہت مشہور ہیں کھیلتے ہیں ایکسرسائز کرتے ہیں لیکن جوتا اتارنا پڑتا ہے کھیل کے لیے یہ جوتے اتارے گئے ہیں اور ہمارا کیا حال ہوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے گھروں کے سامنے مسجدوں میں ہمارے جوتے کہاں پر پڑے ہوتے ہیں یہ ہم خود جانتے ہیں اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں ! کھیل کے لیے یہ طریقہ ہے اور ہماری عبادت کا کیا طریقہ ہے؟!

جوتوں کی بات ہو رہی ہے یہ مشین ہے کیونکہ آپ جب جوتے اتارتے ہیں بُو آسکتی ہے جوتوں سے انہوں نے مشینیں بنائی ہوئی ہیں، شوز کلیننگ مشین (Shoes Cleaning machine) ریفریشنگ مشین (Refreshing machine) ہے، آپ دونوں جوتے رکھیں یہ ٹیوبز (Tubes) اندر ڈالیں بٹن دبائیں ایک منٹ کے اندر جوتے سے خوشبو ہو گی۔

9-سگریٹ ایک مسئلہ ہے ساری دنیا میں جاپانی سگریٹ کو روک تو نہ سکا لیکن اس کے لیے (Strict smoking rules) قوانین بنائے ہیں:

(۱) بند کمرے میں سگریٹ نہیں پی سکتے آپ اس کمرے میں سگریٹ پینا منع ہے، کوئی بھی بند جگہ ہو سگریٹ پینا منع ہے اگر پینی ہے تو روڈ کے اوپر پییں گے۔

(۲) اور روڈ کے اوپر خاص جگہیں ہیں یہ انسٹرکشن بورڈز (Instruction boards) لگے ہوئے ہیں کہ خاص جگہ ہے وہاں پر آپ سگریٹ پییں گے۔

(۳) اور لائنیں لگی ہیں زمین کے اوپر اگر آپ نے سگریٹ اس لائین کے اِس پار پی ہے تو اس پر فائن ہے آپ نے اسی محدود جگہ پر سگریٹ پینی ہے (تقریباً دو بائی دس میٹر سے زیادہ بڑی جگہ نہیں ہے) اور اس میں یہ سائن بورڈز لگے ہیں۔

10- اور یاد رکھیں ہمیشہ صرف جاپانی استعمال کی جاتی ہے لیکن یہاں پر کیونکہ ٹورسٹس (Tourists) آتے ہیں باہر سے (Visitors جو ہیں) اور وہ جاپانی نہیں جانتے تو انگلش آپ کو یہاں پر نظر آرہی ہے ورنہ بہت کم آپ کو جاپان میں انگلش نظر آتی ہے۔

11- انسٹرکشن بورڈز (Instruction boards) میں ایک یہ بورڈ ہے یہ سگریٹ اسموکر ہے یہ سگریٹ بنی ہوئی ہے اگر سگریٹ پینی ہی ہے اس جگہ پر بھی آپ کا ہاتھ بچے کے سَر کے برابر نہیں ہونا چاہیے آپ نے سگریٹ پینی ہے تو اس طریقے سے آپ ہاتھ اوپر ہونا چاہیے تاکہ دھواں جو ہے وہ نیچے نہ جائے اور بچے کو تکلیف نہ ہو۔

12- اُسی جگہ پر ایک جگہ پورٹیبل ایش بیگز (Portable Ash bags) ہیں، ایش ٹریز (Ashtrays) ہوتی ہیں جن میں سگریٹ کا ایش ڈالا جاتا ہے یہ پورٹیبل (Portable) ہیں آپ اس جگہ سے نکالیں آپ ٹہلتے بھی رہیں سگریٹ بھی پیتے رہیں اس میں ڈالتے رہیں پھر اس کو بند کر کے خاص جگہ ہے ڈسپوزیبل (Disposable) گند ڈالنے کی وہاں پر یہ ڈال دیں۔

13- اُن کا کلیم (Claim) ہے دعویٰ ہے کہ کوئی چیز بھی جاپان میں گم نہیں ہو سکتی، ایک ٹیسٹ کیا گیا ایک پبلک ایریا میں ایک شخص بیٹھا اس نے پرس رکھا اپنا ٹوکیو کے شہر میں وہ تھوڑی دیر بیٹھا رہا اس نے پرس کو چھوڑ دیا چلا گیا اور کیمرے کو سیٹ کر دیا دیکھتے ہیں کہ اس پرس کا کیا حشر ہوتا ہے، پہلے پیسے گنے گئے کتنے پیسے ہیں اس کے اندر کیا چیز رکھی ہے (ٹیسٹ سے پہلے) اس کے بعد یہ پرس رکھا کافی دیر تک لوگ گزر رہے ہیں اس کو دیکھ بھی رہے ہیں ہاتھ نہیں لگایا، کافی دیر کے بعد ایک شخص آتا ہے اس پرس کو اٹھاتا ہے اور ارد گرد دیکھتا ہے کہ کہیں پر کوئی پولیس والا مل جائے اس کے حوالے میں یہ پرس کروں، جب کوئی پولیس والا بھی اس وقت نہ ملا تو انسٹرکشن بورڈز (Instruction boards) لگے ہوئے ہیں وہاں پر قریبی پولیس اسٹیشن کہاں پر

ہے اس کا نقشہ دیکھا اور ڈیڑھ کلو میٹر پیدل چل کر پولیس کے حوالے کر دیا، جس کا یہ پرس تھا جس نے یہ ٹیسٹ لیا وہ پولیس اسٹیشن گیا انہوں نے فوراً جو اُن کی مین برانچ ہے وہاں پر بھیج دیا چوبیس گھنٹے کے اندر پرس مل گیا اس انسان کو۔

ایسا ٹیسٹ یہی ٹیسٹ ایک مسلمان ملک میں بھی کیا گیا میں تصویر جان بوجھ کر یہ نہیں لگا رہا یہاں پر میرا یہ مقصد نہیں ہے لیکن ہم یہ ذرا سمجھ لیں کہ آج ہم لوگ کہاں ہیں؟! دس منٹ کے اندر یہ پرس غائب تھا اور جو کچھ اس میں تھا وہ بھی غائب ہو گیا!

ہمیشہ ہر کامیابی کے پیچھے ایک راز ہوتا ہے جاپانیوں کی کامیابی کے پیچھے کون سا راز ہے؟

یہ دیکھ رہے ہیں آپ تصویر یہ بچے ہیں یہ استاد ہے کیا کر رہے ہیں؟ پڑھ رہے ہیں۔

تاریخ کیا ہے؟ ستمبر 1945۔ بم کب گرا تھا؟ اگست 1945۔

ایک مہینے کے بعد انہوں نے سب سے پہلا کام کیا کیا؟ بچوں کی تعلیم: (۱) بچے۔ (۲) تعلیم۔

یہ تصویر بہت کچھ کہہ رہی ہے اس کو غور سے دیکھیں درس کے آخر میں ہمیں پانچ منٹ ملے اگر تو آپس میں تھوڑی سی بحث کریں گے (Discuss کریں گے) کہ یہ تصویر کیا کہہ رہی ہے، یہی بچے تیس سال کے بعد جس خوبصورت جاپان کو آج ہم نے دیکھا ہے اِن ہی بچوں نے اس جاپان کو اپنے کندھوں پر اٹھایا ہے، انہوں نے صرف بچوں کو پڑھایا نہیں ہے (ہمارے نزدیک بچوں کی تعلیم کے لیے اسکول کافی ہے بس!) ان کے نزدیک جاپان آج جہاں پر موجود ہے انہوں نے صرف اسکول کی بات نہیں کی ان کے لیے بچوں کے تعلیم کے پروگرام نہیں پروگرامز (Programs) ہیں تو آیئے دیکھتے ہیں کون سے پروگرامز (Programs) ہیں:

1-اسکول: اسکول میں ہم بھی پڑھے ہیں اور اسکولوں میں پڑھاتے بھی ہیں لیکن جاپانیوں کا اسکول کچھ اور ہے آیئے دیکھتے ہیں:

(۱) پرنسپل: ہر اسکول میں پرنسپل ہوتا ہے ہیڈ ماسٹر ہوتا ہے آدھا گھنٹہ پہلے ٹائم سے پہنچتا ہے اور آفس میں جا کر نہیں بیٹھتا اسکول کے اندر نہیں اسکول کے باہر ٹہلتا رہتا ہے دیکھتا رہتا ہے کہ بچے کیسے آرہے ہیں بچے محفوظ ہیں کہ نہیں گیٹ پر کھڑا ہوتا ہے۔

(۲) ٹیچرز: روزانہ ہر ٹیچر کی ڈیوٹی ہوتی ہے گیٹ پر کھڑی ہوتی ہے ایک یا دو جو بچوں کا استقبال کرتی ہیں، اُن کے لیے سلامی جھکنا ہے یہ اُن کا طریقہ ہے لیکن بچوں کو احترام سکھاتے ہیں سلام سکھاتے ہیں، اندر جانے سے پہلے ادب۔

(۳) بچے ظاہر ہے اسکول میں جانے کے لیے روڈ کراس کریں گے روڈ کراس کرنے کے لیے ایک خاص ٹیچر یا ایک خاص ورکر اسکول کا روڈ پر کھڑا ہو جاتا ہے اس کے ہاتھ میں ایک جھنڈا ہوتا ہے اس کے جھنڈے کے اوپر ایک رنگ ہوتا ہے عام طور پر پیلا

رنگ استعمال کرتے ہیں اس پر لکھا ہے "اسکول" جوں ہی بچے سامنے آتے ہیں دوسری طرف روڈ کے وہ روڈ کے درمیان میں آجاتا ہے برج بنی ہوئی ہے جہاں پر وہاں پر کھڑا ہو جاتا ہے اور جھنڈے کو سامنے کر دیتا ہے اور بچے روڈ کراس کرتے ہیں۔

بچے جب روڈ کراس کرتے ہیں تو اپنا دایاں ہاتھ ایسے اوپر اٹھاتے ہیں سارے بچے چھوٹے اور بڑے جانتے ہیں کیوں؟ بچوں کی ہائیٹ(Hight) چھوٹی ہے اور بعض لوگوں کی بڑی گاڑیاں ہوتی ہیں بچے نظر نہیں آتے تو ان کو تعلیم دی جارہی ہے کہ جب بھی روڈ کراس کرنی ہے ہاتھ اٹھا کر روڈ کراس کریں کہ ابھی تو اسکول میں آرہے ہیں اسکول کے سامنے اس کا ور کر موجود ہے شام کو جب اکیلے روڈ کراس کرنی ہو تب کیا کریں گے، تو تعلیم دی جارہی ہے وہ بچے جب بھی روڈ کراس کرتے ہیں ری فلیکس (Reflex) بن جاتا ہے ہاتھ اوپر کر کے کرتے ہیں۔

(۴) کلاس روم: کلاس روم (اللہ المستعان) میں کیا ہوتا ہے؟ حاضری ہوتی ہے، اب جاپانیوں کی حاضری دیکھیں کیسے لیتے ہیں۔ ہماری حاضری بھی لگتی تھی جب ہم کلاس لیتے تھے ہم بھی حاضری لیتے تھے ان کی حاضری لینے کا (Attendance) کا طریقہ کہ استاد جب نام پکارے گا اسٹوڈنٹ کا نام سے نہیں پکارے گا کہے گا "سَر فلاں، سَر فلاں، سَر فلاں" سَر (Sir) ضرور استعمال کرے گا۔

پرائمری کلاس کا بچہ پانچ سال کے بچے کو سَر (Sir) کہا جارہا ہے بچپن سے اور جب تک وہ پڑھ رہا ہے یونیورسٹی تک اسے سَر (Sir) کہا جاتا ہے وہ سَر (Sir) بنے گا یا نہیں بنے گا؟

(۵) کلاس روم میں جب سوال کیا جاتا ہے تو جواب کے لیے ہاتھ اٹھایا جاتا ہے کہ نہیں؟ جاپانیوں کا دوسرا انداز ہے ایک قسم کے نہیں چار قسم کے ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں:

اگر ہاتھ یوں اٹھایا بچے نے اس کا مطلب ہے مجھے سمجھ نہیں آیا دوبارہ ریپیٹ کریں۔

اگر ہاتھ یوں اٹھایا شہادت کی انگلی کو اوپر کرتے ہوئے اس کا مطلب ہے آپ نے صحیح فرمایا ہے (استاد کو کہہ رہا ہے اشارے سے کہ پتہ ہے آپ نے جو کچھ پڑھایا صحیح پڑھایا ہے) لیکن میرے پاس ایڈیشنل پوائنٹ (Additional point) ہے میں بھی شیئر کرنا چاہتا ہوں (پانچ سال کا بچہ استاد کو کیا بتانا چاہتا ہے اور کون سا Additional point پوائنٹ ہے اس کے پاس؟!)۔

اگر یوں ہاتھ اٹھایا سی (V) بنا کر دونوں انگلیوں کو اس کا مطلب ہے میں جواب دینا چاہتا ہوں آپ کے سوال کا۔

اگر یوں اٹھایا (یہ چوتھا طریقہ ہے) پانچوں کی پانچوں انگلیاں اس طریقے سے ملا کر اٹھائیں اس کا مطلب ہے آپ نے جو کہا وہ آپ کے نزدیک ٹھیک ہو گا میں اس کی مخالفت کرتا ہوں میرے پاس دوسرا پوائنٹ آف ویو (Point of view) ہے۔

(لاإلہ إلا اللہ)۔

پانچ سال کا بچہ اپنے استاد کی کیا مخالفت کرے گا ؟! وہ کون سا علم اس کے پاس ہے جس سے وہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ آپ کا پوائنٹ ایسا ہے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں آپ میری بھی سنیے ؟! اور اس کو ٹائم دیا جاتا ہے اس کی سنی جاتی ہے۔

(٦) نئے اسٹوڈنٹس: ہر سال داخلے ہوتے ہیں اسکولوں میں ماشاء اللہ ہمارے پاس اسکول والے ساتھی بھی موجود ہیں اُن کے داخلہ کا ایک انوکھا انداز ہے! یہ سب یونیک (Unique) چیزیں ہیں کبھی دنیا میں سنا ہے آپ لوگوں نے ؟! کسی نے سنا ہے اس دنیا میں کسی جگہ پر ؟!

ہمارا پتا ہے جب اٹینڈنس (Attendance) کیسے لی جاتی تھی کلاس میں ؟

ہاں جی عبد اللطیف ؟ جی! طیفہ آیا ہے ؟ (طیفہ! عبد الطیف کو طیفہ بنا دیا!)، حنیف کو نیفہ بنا دیا! عطاء اللہ کو اطو بنا دیا!

یہ طیفے، نیفے، اطو یہ کیا کریں گے بڑے ہو کر ؟!

یہ تو اچھے استاد ہیں بعض استاد کیا کہتے ہیں ؟ اچھا گدھا بھی آیا ہے! اچھا یہ موٹا بھی آیا ہے! اچھا یہ فلاں بھی آیا ہے!

آپ جانتے ہیں کہ بچے کے ساتھ کیا ہو رہا ہوتا ہے اس وقت ؟! آپ ذرا غور کریں بچہ کچھ کہے گا نہیں آپ کے سامنے مسکرائے گا بچے کی عادت ہے (کہتے ہیں بچے من کے سچے) لیکن اس کے دل پر کیا گزری ہے یہ تو وہ جانتا ہے! اب وہ بڑے ہو کر آپ کو طیفہ بن کر دکھائے گا وہ آپ کو اطو بن کر دکھائے گا لیکن وہ عبد اللطیف نہیں رہے گا یاد رکھیں!

(٧) نئے اسٹوڈنٹس داخلے کے لیے آتے ہیں جب فارم فل کر کے جاتے ہیں ہر بچے کو ایک بیج دیا جاتا ہے (ذرا غور کریں پودوں کا بیج دیا جاتا ہے) بچہ وہ بیج زمین میں بوتا ہے اور جو پودا نکلتا ہے جب تک وہ پرائمری اسکول میں رہتا ہے اس پودے کی کیئر (Care) کرتا ہے اسے پانی دیتا ہے اس کا خیال رکھتا ہے جب تک کہ وہ بچہ اسکول سے باہر نہیں جاتا جب وہ بچہ اسکول سے باہر چلا جاتا ہے اس پودے کو اٹھا کر پبلک نرسری میں ڈالا جاتا ہے اس بچے کا ٹائٹل بچے کا نام وہاں پر لکھا ہوتا ہے کہ فلاں جاپانی بچے نے اس پودے کی پرورش کی ہے۔

دیکھیں بات چھوٹی نظر آتی ہے لیکن میسج کیا ہے اس میں ؟

جو بچہ چھ سال مسلسل پودے کی کیئر (Care) کرتا رہے وہ کسی پر ظلم کرے گا بعد میں ؟! کسی پر ہاتھ اٹھائے گا؟! اپنے والدین کی نافرمانی کرے گا؟!

اور یاد رکھیں جاپان کا سسٹم امریکہ یورپ کا نہیں ہے فیملی لائف بڑی اسٹرونگ (Strong) ہے جاپان کی، امریکہ یورپ میں یہ فیملی لائف نہیں ہے۔

تو ایک بیج سے والدین کی فرمانبرداری، صلہ رحمی، عام لوگوں پر ظلم نہ کرنا، بہت سارے میسج دیئے ہیں ایک بیج دے کر بس! کیا ہمارے پاس بیج ختم ہو گئے ہیں؟ یہاں پودوں کی ضرورت نہیں ہے ہمیں؟ ہے لیکن ہماری سوچ کہاں اور ان کی سوچ کہاں!

(۸) ناشتہ سب کرتے ہیں ریسز ٹائم (Recess time) ٹائم ہوتا ہے، ریسز ٹائم (Recess time) میں کھانے میں بریک فاسٹ کے لیے ایک وقت میں ایک ٹیبل لگتی ہے سب بچے ایک جگہ پر بیٹھ کر ایک قسم کا کھانا کھاتے ہیں اور کھانے سے پہلے جو اُن کا کچن ہے (کچن اُن کا اپنا ہے) پرنسپل کا دوسرا کام ایک تو باہر بیچارا کھڑا رہتا ہے آدھا گھنٹہ پورے پاؤں پر ایسے اور پھر آدھا گھنٹہ پہلے خود کھانا کھاتا ہے جو بچوں کے لیے پکا ہے اگر اس میں کچھ ملاوٹ ہے تو سب سے پہلے اثر پرنسپل کو ہو بچوں کو نہ ہو (کسی نے کچھ ملا دیا ہے کچھ بھی کر دیا ہے۔

بعض لوگ گئے جو وزیٹرز (Visitors) تھے جو وہاں پر سسٹم دیکھنا چاہتے تھے تو انہوں نے ریکوئسٹ (Request) کی کہ ہم کچن کو اندر سے دیکھنا چاہتے ہیں، پرنسپل صاحب نے کہا: آج تک میں نے نہیں کچن کو اندر سے دیکھا مجھے اجازت نہیں ہے آپ لوگ کیسے جا سکتے ہیں؟!

آپ جانتے ہیں کیوں نہیں کسی کو جانے دیتے؟ اگر دروازہ کھلا ہو ہر ایرا غیرا اندر چلا جائے تو پھر زہر ملانے میں کوئی بھی حرکت کرنے میں آسانی ہے کہ نہیں؟ وہ کہے گا کہ بھئی لوگ تو آئے تھے مجھے کیا پتہ کس نے کیا ہے؟!

ایک ہی قسم کے لوگ رسپونسیبل (Responsible) ہیں، کک رسپونسیبل (Responsible) ہے اور سب ان ہی کے سر پر ہے ان ہی کی ذمہ داری ہے پرنسپل بھی اندر نہیں جا سکتا۔

(۹) اس کے بعد جو کھانا لگتا ہے سب سے پہلے بچے جو ہیں ٹرے لیتے ہیں اس میں پلیٹیں ڈالتے ہیں، تین قسم کی مختلف پلیٹیں ہیں، چاولوں کے لیے بتایا جاتا ہے کہ یہ پلیٹ چاول کی ہے، یہ پلیٹ سوپ کی ہے، یہ پلیٹ فلاں چیز کی ہے، سب ایک لائن میں لگتے ہیں کوئی افراتفری نہیں ہے ترتیب سے جاتے ہیں باؤل (Bowl) رکھے ہیں سامنے اس میں سے ڈالتے ہیں اپنی حاجت کی مقدار کے مطابق، پھر بیٹھ جاتے ہیں انتظار کرتے ہیں کھاتے نہیں ہیں، جب آخری بچہ سیٹ پر بیٹھتا ہے دعا کرتے ہیں۔

آپ یہ بھی جان لیں کہ جاپان جو ہے جاپانی 96.4% بڈھسٹ (Buddhist) ہیں لیکن وہ اس وقت بھی جو اُن کی اپنی دعائیں ہیں وہ پڑھتے ہیں، اس کے بعد ایک ٹیچر آتی ہے ایک پیپر ایسا ہاتھ میں ہوتا ہے ایک بچے کو بلاتی ہے پڑھو، اس پیپر میں لکھا

ہے کہ آج کے دن کیا کیا چیز پکی ہے کھانے میں، مثال کے طور پر انڈہ پکا ہے انڈے کے کیا فوائد ہیں، کون کون سے ہمیں انڈے سے فائدے حاصل ہو سکتے ہیں، اس میں چربی کتنی ہے، اس میں پروٹین کتنا ہے، اس میں کاربوہائیڈریٹ کتنا ہے ان چیزوں کے فوائد کیا ہیں، گاجر ہے سلاد میں تو گاجر کے کیا فوائد ہیں، اچھی طرح سنیں گے اس کے بعد پھر دعا ہے، پھر کھانا کھائیں گے مل کر۔ کھانا کھانے کے بعد پلیٹ جیسے میں نے دکھایا آپ کو ایسے صاف ہوتی ہے جیسے کہ ابھی دھو کر رکھی ہے! (یہ جو ہم نے اخلاق دیکھا ہے جاپانیوں کا یہاں سے شروع ہوا یہ جگہ ہے اس کی) اس کے بعد جب کھا لیتے ہیں بچے وہ ٹرے اٹھاتے ہیں ہر پلیٹ کو اپنی جگہ پر رکھتے ہیں ٹرے کو اپنی جگہ پر رکھتے ہیں پھر جاتے ہیں باتھ روم میں واش روم میں وہاں پر ہر ٹوتھ برش پر بچے کا نام لکھا ہے (دیکھیں میرے بھائیو! ہر ٹوتھ برش پر بچے کا نام لکھا ہے!) اپنا ٹوتھ برش اٹھاتا ہے اور اپنے دانت صاف کرتا ہے، پھر اس کی چھٹی ہوتی ہے؛ یہ کھانا ہے۔

(۱۰) جوتے: جتنے بچے آتے ہیں اسکول میں سسٹم ہے کہ گھر کا جوتا اتار کر اسکول کا جوتا پہننا ہے اسکول کے خاص جوتے ہیں، اور یہ باکس بنے ہوئے ہیں بچہ خود اپنے شوز رکھتا ہے جوتا رکھتا ہے اور اسکول کا جوتا پہنتا ہے؛ بھئی جوتا پہننے نہ پہننے میں کیا مشکل ہے لیکن ڈسپلن (Discipline) سکھایا جا رہا ہے کہ بعض اوقات زندگی میں ایسے موقع آتے ہیں جہاں پر جوتے اتارنے پڑیں تو بتایا نہیں جاتا پریکٹیکل کروایا جاتا ہے کہ جوتے ایسے رکھتے ہیں۔

2- دوسرا طریقہ ہے گھر: پروگرام ہے جو ووکیشنل پروگرام (Vocational programe) ہے گھر، گھر میں یاد رکھیں والدین کہتے ہیں ہم ذمہ دار ہیں اپنے بچوں کی پرورش بھی ہم نے کرنی ہے۔

ان کے کوئی بھی بے بی سٹر (Baby sitter) نہیں ہے جاپان میں یاد رکھیں، اپنے بچوں کو کسی نوکر کے حوالے نہیں کرتے کسی بے بی سٹر (Baby sitter) کے حوالے نہیں کرتے خود پرورش کرتے ہیں۔

3- ٹائم منیجمنٹ: کھانے کا ٹائم ہے، سونے کا ٹائم ہے، پڑھنے کا ٹائم ہے، گیم کا ٹائم ہے، صلہ رحمی کا ٹائم ہے، کہیں پر جانا ہے، ہر چیز کا ٹائم بچوں کو گھر سے تعلیم دی جاتی ہے کہ کس وقت کیا کرنا ہے۔

4- پبلک لائبریری ٹوکیو میں آپ امیجن (Imagine) کریں نو فلور کی لائبریری ہے ہر فلور میں ڈفرنٹ سیکشن (Different section) ہے پورا سیکشن ہے پورے فلور میں، بچوں کا الگ ہے بوڑھوں کا الگ ہے سائنس کا الگ ہے میڈیسن کا الگ ہے، ہر سیکشن الگ ہے اور یہاں پر بکس جو ہیں صرف جاپانی لینگوئج میں ہیں انگلش یا کسی اور زبان میں نہیں ملے گی آپ کو کوئی بھی۔

5- ان کی کتابوں کا جو طریقہ ہے یہ جو کانجی سسٹم (Kanji system) لکھا ہے کہ کانجی کا یہ ہے وہاں پر اسکیچ ہوتے ہیں تصویروں والے جو ہاتھ سے بنی ہوتی ہیں وہ بہت زیادہ مقبول ہیں اور اس میں کیا ہوتا ہے؟ کہ کتاب ہے اس طریقے سے صفحہ ہے اس کے دو حصے کر دیئے جاتے ہیں مثال کے طور پر، یعنی ایک کتاب ہے مثال دیتا ہوں میں استادوں کے لیے کلاس تھری کے استاد کے لیے مثال کے طور پر اس کتاب میں پرابلمز(Problems) کا حل ہے کہ کوئی مسئلہ ہو جائے تو اس کا حل کیسے کرنا ہے۔

((ایک چیز میں اور بھول گیا تھا کہ صفائی کلاس روم کے بچے خود کرتے ہیں صفائی جو ہے اپنی کلاس کی خود بچے اور ٹیچر مل کر کرتے ہیں جاپان کے پاس بجٹ نہیں ہے کہ وہ صفائی والے لے کر آئیں؟ کہتے ہیں نہیں! بچے جب اپنی صفائی خود کرتے ہیں تو ان کی جو پڑھنے لکھنے کے بعد جب کسی مقام پر پہنچیں گے تو یہ گردن ایسے نہیں رہے گی ان کی وہ شروع سے جھکنا جانیں گے تو پھر آگے بھی جھکیں گے ورنہ بچپن سے اگر گردن یہاں پر اکڑ گئی نا تو پھر انہوں نے کہاں ممکن ہے کچھ کرنا ہے قوم کے لیے، تو اپنی صفائی خود کریں نا اپنی کلاس ہے نا اُن کی خود صفائی کریں۔

اگر مسئلہ ہو گیا مثال کے طور پر بچے نے صفائی کرنے سے انکار کر دیا حل کیا ہے؟ اب اس صفائی کے دو طریقے ہیں یہاں پر: (۱) یہاں پر تصویریں بنی ہوئی ہیں یہاں پر بھی بنی ہوئی ہیں، یہاں پر لکھا ہوا ہے کاٹا کہ یہ غلط طریقہ ہے، یہ صحیح طریقہ ہے۔ (۲) دوسری طرف، غلط طریقے میں تصویر بنی ہوئی ہے کہ استاد جو ہے بچوں کے سامنے اسے ڈانٹ رہا ہے کہ تم نے صفائی کیوں نہیں کی تم بُرے ہو تم بھلے ہو اس طریقے سے، اس کا رزلٹ ہے غلط۔

دوسری طرف صحیح طریقہ اس بچے کو الگ لے گیا اس بچے کو سمجھا رہا ہے صفائی کا کیا فائدہ ہے اور پھر وہ بچہ جو ہے مان لیتا ہے اور وہ بچہ پھر خود صفائی کرنا شروع کر دیتا ہے))۔

6- یہ کتابیں بچے بھی پڑھتے ہیں عام لوگ بھی پڑھتے ہیں استادوں کے لیے بنی ہیں یہ کتاب استاد بھی پڑھتے ہیں اس لیے کلاس روم میں بچہ یوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو یہ انگلی کہ میرے پاس ایڈیشنل پوائنٹ(Additional point) ہے اگر استاد کچھ بھول گیا ہے تو کتاب اس نے بھی پڑھی ہوئی ہے استاد کے ساتھ، تصویریں ہیں نا وہ پھر بتاتا ہے کہ میرے پاس یہ چیزیں ہیں یہ بھول گئے تھے آپ۔

7- کڈزانیا(Kidzania): بچے ہمیشہ جھولوں کو پسند کرتے ہیں کھیل کود کو پسند کرتے ہیں کڈزانیا(Kidzania) ایک ایسی سٹی ہے ایک ایسے شہر کا نام ہے جس میں کھیل بھی ہیں گیمز بھی ہیں اور تعلیم بھی ہے۔

شہر بناہوا ہے خاص بچوں کا بچے جاتے ہیں وہاں پر اپنے والدین کے ساتھ پیسے دیتے ہیں (Yen جو ہے)، اُن کو یہاں پر جاتے ہیں تو ٹکٹیں دیتے ہیں نا جھولوں کے لیے وہاں پر دوسرے پیسے دیتے ہیں جن پر Kidzania کی مہر لگی ہوتی ہے یہ جو پیسے ہیں اب بچوں کے پیسے بن گئے۔

اب بچے اندر جاتے ہیں اندر مختلف ڈپارٹمنٹس ہیں سسٹمز ہیں، بچے نے ڈرائیونگ سیکھنی ہے تو ایک چھوٹی سی کار ہے چلنے والی صحیح کار جو ہے اس میں ایک ٹین ایج کا بچہ جو خود کار چلا سکتا ہے جو ٹیچر ہے جو ٹیوٹر ہے وہ بیٹھا ہے دوسری چھوٹی سیٹ بچے کی ہے وہ آپ سے Kidzania یعنی ٹکٹ کے جو پیسے ہیں وہ لیں گے آپ کو اُس جگہ پر خاص جگہ بنی ہے کار سکھا رہے ہیں، جب بچہ سیکھ جاتا ہے پھر اس سے پوچھا جاتا ہے آپ ٹرائی کرنا چاہتے ہیں اگر آپ پاس ہو گئے تو آپ کو اتنے پیسے ملیں گے اُن ہی پیسوں میں سے، بچہ چلاتا ہے اگر واقعی ٹھیک طریقے سے چلالی اس نے گاڑی تو اس کو پیسے مل جاتے ہیں نہیں تو پھر دوبارہ ٹرائی کر سکتا ہے۔

فائر سسٹم (Fire system) ہے اگر آپ سیکھنا چاہتے ہیں کہ آگ پر کیسے کنٹرول کیا جاتا ہے آپ کو پوری کٹ دی جاتی ہے تعلیم دی جاتی ہے وہاں پر ایک خاص ایسے چھوٹے سے گھر بنے ہیں اُن میں سرخ لائٹیں ہیں کھڑکیوں میں آپ کو پانی کی لائن دے دیتے ہیں، چھوٹی سی گاڑی آتی ہے گاڑی بنی ہوئی ہے اُن کی گاڑی کیسے چلانی ہے بڑے ان کے ساتھ ہوتے ہیں یا ٹیوب کیسے کھینچنی ہے، آپ کا فاصلہ کتنا ہونا چاہیے آپ کے ہاتھ کیسے ہونے چاہیئں، آپ کی ہیلمٹ کہاں پر ہونی چاہیے، جیکٹ کے بٹن بند ہونے چاہیے، پوری سیفٹی جو تدابیر ہیں سب پر عمل کر کے آپ نے کتنے ڈسٹنس (Distance) سے کس وقت پانی گرانا ہے جب تک کہ وہ جو تصویر ہے جو کھڑکی ہے وہ سرخ سے سفید نہیں ہو جاتی یعنی جب تک آگ بجھ نہیں جاتی۔

نیوز کاسٹر (Newscaster) آپ نے بننا ہے خبریں پڑھنی ہیں ایک خاص ڈپارٹمنٹ ہے آپ وہاں پر جائیں گے وہ آپ سے فیس لیں گے بچے کو سکھائیں گے آپ نے خبر کیسی پڑھنی ہے، بچہ ٹریننگ لیتا ہے اس کے بعد پھر بچے کو چانس دیا جاتا ہے کہ آپ ہمارے شہر کے لیے خبر پڑھنا پسند کریں گے ؟ اگر بچہ وہ خبر پڑھ لیتا ہے جو اس کو دی جاتی ہے اس کو پھر انعام کے طور پر پیسے دیئے جاتے ہیں۔

الغرض؛ بچہ جب باہر نکلتا ہے اس Kidzania سے تو پھر وہ جو ٹکٹیں اس کے پاس ہیں وہ واپس کرتا ہے اس کو پھر Yen پیسے جو ہیں واپس دیتے ہیں اور بچے وہاں بزنس کرتے ہیں؛ جتنے دیئے پچاس دیئے تو بعض بچے سو لے کر جاتے ہیں کیوں ؟ محنت کی ہے سیکھا ہے اور کچھ کر کے گئے ہیں۔

یہ سسٹم بہت کم آپ کو کہیں نظر آئے گا ہم نہیں کر سکتے ؟ چھوٹی سی چیز ہے کر سکتے ہیں ہم۔

8-اینیمل فارم(Animal Farm): خاص فارم بنے ہوئے ہیں حیوانوں کے بچوں کے لیے خاص ہیں، وہاں پر یہ بتایا جاتا ہے بچوں کو کہ حیوان ہمارے دوست ہیں حیوانوں کے بھی حقوق ہیں (صرف انسانوں کے نہیں ہیں میرے بھائیو! یہ باتیں وہاں سے شروع ہورہی ہیں کہ حیوانوں کے بھی حقوق ہیں) حیوانوں کے ساتھ کیسے ہمارا رویہ ہونا چاہیے حیوان کو کھانا کیسے کھلایا جاتا ہے، بچہ پریکٹیکلی سیکھتا ہے کتابی شکل میں نہیں پڑھایا جاتا۔

ابھی تصویر دکھاؤں گا میں آپ کو کہ بچہ کس طریقے سے وہ کام کررہا ہے جو ہم میں سے بڑے نہیں کر سکتے ابھی!

9-اسپیشل سیفٹی ٹریننگ سینٹرز(Special Safety Training Centers): وہاں پر مسئلہ ہے زلزلے زیادہ آتے ہیں جب زلزلہ آتا ہے تو آگ بھی لگ جاتی ہے دھواں بھی ہوتا ہے تو ٹریننگ سینٹرز ہیں خاص ٹریننگ دی جاتی ہے کہ اگر زلزلہ آئے تو پھر آپ نے زلزلے سے نمٹنا کیسے ہے۔

خاص جگہ بنی ہوئی ہے وہ جگہ پوری ہلتی ہے (بلڈنگ پوری) وہاں پر بچے بڑے سب ٹریننگ حاصل کرتے ہیں کہ کوئی بڑی میز وغیرہ ہے اس کے نیچے گھس جائیں، سر آپ کا کیسے ہونا چاہیے، یا دروازے کے ساتھ کھڑے ہو جائیں، پریکٹیکل اسے کو بتاتے ہیں۔

10-آگ لگی ہے تو آپ نے کیا کرنا ہے، ایک دروازے سے اندر داخل کر دیتے ہیں دھواں ہے تو آپ نے نیچے جھکنا ہے کیونکہ دھواں ہمیشہ اوپر کی طرف جاتا ہے لائٹ ہوتا ہے آپ نیچے جھک کر جائیں، سانس کیسے لینا ہے جب دروازہ آپ نکل جائیں پھر بند کر دیں تاکہ دھواں باہر نہ جائے اور آگ باہر نہ جائے کیونکہ آکسیجن جتنی اندر زیادہ جائے گی اتنی ہی آگ زیادہ بھڑکے گی یہ سکھایا جاتا ہے۔

11-پوراماحول آپ کو تعلیم دیتا ہے (پوراماحول!) بچے ماحول سے اخلاق سیکھتے ہیں، روڈ پر چلتے چلتے کوئی ٹشو کسی نے گرادیا تو اس کی مصیبت پڑ گئی وہ مصیبت میں آگیا سارے لوگ اسے ایسے گھوریں گے جیسے اس نے کوئی کبیرہ گناہ کیا ہے! اس نے کیا کیا ہے؟ کوئی جرأت نہیں کرتا کہ اپنی جیب سے ٹشو استعمال کر کے نکال لے زمین پر پھینک دے یا زمین پر ایسے تھوک دے، نہیں ہر گز نہیں! (معاشرہ اسے اخلاق سکھاتا ہے ڈسپلن(Discipline) سکھاتا ہے)۔

آیئے دیکھتے ہیں چند تصویریں:

1-یہ بچے اسکول کی صفائی خود کررہے ہیں دیکھیں کیسے جھک رہے ہیں، یہ دیکھیں زمین پر کیسے بیٹھا ہے بچہ یہ کلاس روم ہے یہاں پر پیپر پڑے ہیں یہ بچہ خود صاف کررہا ہے؛ یہ میں نے بتایا ہے یہ آنکھوں سے دیکھ لیں۔

2- یہ بچہ کیا کر رہا ہے؟اسکول میں جارہا ہے یہ جوتے رکھے ہیں اپنے جوتے اتار کر اندر رکھ رہا ہے اور اسکول کا جوتا نکال رہا ہے اس کے بارے میں کیا کہیں گے آپ؟!

3- یہ گائے ہے یہ چھوٹی بچی ہے شاید تین سال اس کی عمر ہے (تین چار سال ہے) یہ کیا کر رہی ہے؟ اپنے ہاتھ سے ملکنگ (Milking) گائے کو دوہ رہی ہے؛ ہم یہ کر سکتے ہیں؟!

ہم میں سے کتنے بڑے ہیں جو کبھی کسی نے گائے کو ہاتھ لگایا ہے؟! ہمارے بچے جو ہیں مرغی سے ڈرتے ہیں اور اِن کے بچے دیکھیں کیا کام کر رہے ہیں یہ دیکھیں!

4- تعلیم جاپان میں آپ دیکھیں بجٹ دیکھیں جاپان کا صرف تعلیم کے لیے 58%۔

ہمارے بعض ملک ہیں 80 فیصد ڈیفنس کے لیے جاتا ہے پورے بجٹ کا اور اُن کا دیکھیں 60 فیصد کے قریب جو ہے صرف تعلیم کے لیے!

اس کا نتیجہ کیا ہوا؟ لٹریسی ریٹ (Literacy rate) جاپان میں امیجن (Imagine) کریں 99.9%!

اور وہ کلیم (Claim) کرتے ہیں جاپانی کہتے ہیں کہ ہمارا لٹریسی ریٹ (Literacy rate) جو ہے 100 فیصد ہے (100% ہے)، لیکن دنیا نے کہا کہ نہیں ہم مانتے!

انہوں نے پچھلے سال ایک جشن منایا ہے کہ آخری بوڑھا جاپانی جو اَن پڑھ تھا اس کو بھی پڑھا لکھا بنا دیا انہوں نے کہا اب ہم 100 فیصد ہو گئے ہیں!

5- ہارڈ ورک (Hard work): محنت مشقت جو انہوں نے کی ہے 1945 سے لے کر یہ بڑھتے گئے ہیں بڑھتے گئے ہیں یہاں پر آسمان کو چھو رہے ہیں! یہ جاپان کی اکانومی (Economy) ہے دنیا میں نمبر دو اکانومی (Economy) ہے جاپان کی اور اس ہارڈ ورک (Hard work) کے نتیجے میں جو بے روزگاری ہے جاپان میں 3.4% ہے، یہ 1997 کی رپورٹ ہے۔

مجھے کل ایک شخص کہہ رہا تھا کہ آج کی رپورٹ جو ہے وہ .5 ہو گئی ہے، 200 میں سے ایک انسان جو ہے وہ بے روزگار ہے۔

ہمارے بعض ملکوں میں 50 یا 60 فیصد کے قریب بے روزگاری ہے، جاپان کی اکانومی (Economy) دیکھیں آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق دوسرے نمبر پر جاپان ہے دنیا پوری میں۔

یہ جاپان یہاں پر پہنچا ہے کتنے سالوں میں میرے بھائیو؟! 64 سالوں میں، 45 میں میں نے دکھایا تھا کیسا ہو گیا تھا اور چونسٹھ (64) سالوں میں جاپان کہاں پر پہنچا ہے کوئی کمنٹ (Comment) نہیں کر سکتا میں!

دسویں نمبر پر برازیل ہے جو دنیا کا گیا گزرا ملک سمجھا جاتا ہے دسویں نمبر پر ہے وہ!

6- جاپانیوں کے لیے سب سے اہم اور قیمتی چیز کیا ہے آپ کو کیا سمجھ آئی ہے؟

دو چیزیں بہت اہم ہیں اور قیمتی ہیں جاپانیوں کے لیے "بچے اور تعلیم" یہ دونوں جدا نہیں ہو سکتے! صرف تعلیم نہیں صرف بچے نہیں تعلیم اور بچے۔

تو اس سے ہمیں کیا ثابت ہوا اس پوری ڈسکشن (Discussion) سے کہ کامیابی کی بنیادیں ترقی کی بنیادیں کیا ہیں؟

1- علم ہے (میں نے لکھا ہے ایجوکیشن (Education) کیونکہ علم بغیر تعلیم کے حاصل نہیں کر سکتے آپ)۔

2- اخلاق۔

3- محنت۔

یہ بنیادیں ہیں کامیابی کی جس نے ان کو حاصل کر لیا وہ کامیاب ہوا اور جس نے حاصل نہ کیا یا نہ کر سکا وہ ناکام ہوا!

کیا آپ جانتے ہیں کہ جاپان کب کامیاب ہوا؟ 1945 سے پہلے جاپان کا نام تھا؟ نہیں تھا۔ تو کب کامیاب ہوا کب اس کا نام وجود میں آیا؟ اس مصیبت کے بعد بم گرنے کے بعد۔

جب جاپانیوں سے سوال کیا جاتا ہے کہ آپ کیا محسوس کرتے ہیں بم گرنے کے بعد ان کی اکثریت کیا جواب دیتی ہے جانتے ہیں؟ وہ کہتے ہیں: "اس میں کوئی شک نہیں کہ بم کا گرنا ہمارے لیے بڑی مصیبت تھی بڑا شَر تھا قیامت ٹوٹ پڑی ہمارے اوپر لیکن اس شَر کے پیچھے ایک چھپا ہوا خیر موجود تھا، پہلے تو ہم صرف اسلحہ اور جنگ کی سوچ رکھتے تھے اسی کے لیے کوشاں تھے لیکن بم گرنے کے بعد ہم نے اپنے ملک کو بنانا شروع کیا بناتے گئے بناتے گئے بناتے گئے صرف ملک کو نہیں ہم نے پوری دنیا کو بنا دیا"۔

کیا آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ جاپان نے اپنے لیے سینکڑوں مقصد رکھے (ایک مقصد نہیں سینکڑوں مقصد!) اور اُن اکثر مقاصد کو حاصل بھی کر لیا، انہوں نے کہا کہ ہم دنیا میں ہماری سب سے اچھی کار ہونی چاہیے، دنیا میں ہمارے سب سے اچھے ٹی ویز (TVs)، سب سے اچھے ڈی وی ڈی پلیئرز (DVD Players)، سب سے اچھے فریج، سب سے اچھی واشنگ مشینز، سب سے اچھے اے سی (AC)، آپ چلے جائیں آخر تک انہوں نے 100 سے ہنڈریڈ گولز (Hundred goals) بنائے ہیں (مقاصد، ایک مقصد نہیں) اور اس اکثریت کو حاصل کر لیا۔

آپ کیا یہ بھی جانتے ہیں کہ جاپان نے ان مقاصد کو صرف ایک ذریعے سے نہیں حاصل کیا مختلف طریقوں سے؟!

اُن کی جو کار ہے انہوں نے کہا ہماری کار سب سے اچھی ہونی چاہیے کتنی جاپانی کارز ہیں روڈ کے اوپر آپ آتے ہیں کتنی جاپانی کاریں نظر آتی ہیں آپ کو؟ آپ خود جاتے ہیں ذرا غور کرنا دس(10) کاروں میں کتنی جاپانی کاریں ہیں؟ آٹھ کارز۔

آپ یہ دیکھیں آپ سعودی عرب میں ہیں یہاں پر جی ایم سی(GMC) زیادہ استعمال کی جاتی ہے پیٹرول سستا ہے یہی اگر آپ امیجن(Imagine) کریں انڈیا پاکستان میں یا یورپ میں تو وہاں پر بھی سب سے زیادہ کاریں جو ہیں(More than 80%) جاپانی کاریں ہیں۔

انہوں نے کیا کیا؟ صرف ایک کار نہیں ٹویوٹا(Toyota) سب سے پہلی کار ہے( Honda, Suzuki, Mitsubishi, Nissan, Daihatsu, Mazda) اور بھی ہیں مجھے اتنے ہی نام آتے تھے میں نے لکھ دیئے۔

کیا آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ سب سے پہلی کار(Toyota) کار جو ہے سب سے پہلی جاپانی کار ٹویوٹا(Toyota) کار ہے اور وہ روڈ پر آئی ہے سن 1936 میں اس سے پہلے جاپانی کار کوئی نہیں تھی، اِس کی اسٹوری مختصر بیان کرتا ہوں میں۔

اصل میں ٹویوڈا(Toyoda) ہے ٹویوٹا(Toyota) نہیں ہے(T کی جگہ D ہے، ٹویوڈا)، یہ ایک ایسا انسان ہے عام انسان تھا ٹیکنکل سوچ رکھتا تھا اور اس کی ماں جو ہے والدہ جو ہے وہ کپڑے کا کام کرتی تھی کپڑے بناتی تھی اور بیچتی تھی، تو اسے یہ محسوس ہوا کہ ماں میری جو ہے کافی پریشان ہو جاتی ہے اُس نے ماں کے لیے اس مشین کو بنایا لومی مشین ہے یہ ( Automatic Loom machine) اس کو بنایا، اس کی ماں نے خوش ہو کر اپنے بیٹے کے لیے دعا کی اور وہ بیٹا جو ہے آج کہاں پر پہنچا دیکھیں!

لیکن کہاں سے شروع کیا اُس نے؟ اُس نے جاپان میں اس زمانے میں 1932 میں اس نے ایک کار لی، کاریں جاپان میں جو چلتی تھیں دو قسم کی گاڑیاں تھیں دونوں امریکن تھیں جی ایم سی(GMC) تھی اور فورڈ(Ford) بس دو قسم کی، اُس نے جی ایم سی (GMC) کار لی اس کار کے پرزے پرزے کر دیئے الگ الگ کر دیئے پھر جاپان نے اُن ہی پرزوں کو بنایا اور پھر جاپانی گاڑی آپ کے سامنے یہ پہلی جاپانی گاڑی ہے ٹویوٹا(Toyota) کے نام سے۔

اس شخص کو تین سال لگے اس گاڑی کو بناتے ہوئے 1935 میں گاڑی بن چکی تھی 36 میں آن روڈ(On Road) ہوئی اور آج آپ ٹویوٹا (Toyota) دیکھیں کہاں پر پہنچا ہے!

میں کسی کمپنی کی Advertisment نہیں کر رہا یہاں پر لیکن ایک میسج ہے ایک پیغام ہے ایک سوال ہے کہ ہم نے اپنے والدین کو آخری مرتبہ کب تحفہ دیا؟ عیدوں پر! کب یاد کرتے ہیں اپنے والدین کو؟!

ایک شخص آیا تھا اس کی جیب میں یہ ایک ریال کا ہے شاید نصف ریال کا پین اس کے ہاتھ میں تھا اس کو ایسے چوم رہا تھا بڑا خوش بزرگ تھا میں نے کہا کیا ہو گیا ہے؟! کہتا ہے آپ جانتے ہیں یہ کیا ہے؟ میرے بیٹے نے مجھے تحفہ دیا ہے، اور اتنا خوش تھا دعائیں دے رہا تھا! بیٹے نے کیا کیا ہے؟ آٹھ آنے کا نصف ریال کا، پانچ روپے کا ایک پین دیا تھا بس اس کا اثر والد میں کیا ہوا؟! وہ کہتا ہے میرے بیٹے نے مجھے یاد کیا ہے میرے لیے کچھ لے کر آیا ہے، اتنا خوش تھا وہ! ہم صرف کہتے ہیں "ماں کی دعا جنت کی ہوا" اور یہاں پر دیکھیں ماں کے لیے ایک چھوٹی سی مشین بنائی اللہ تعالیٰ نے کہاں پہنچا دیا اسے! اگرچہ مسلمان بھی نہیں ہے لیکن والدین کی فرمانبرداری کرنے والا یاد رکھیں یہ قاعدہ ہے کہ دنیا میں بھی اس کو فائدہ مل جاتا ہے۔

جاپان کیسے کامیاب ہوا؟ علم، اخلاق، محنت "کامیابی"۔

آج جاپانی فخر محسوس کرتے ہیں جانتے ہیں کیوں؟ جاپان بے تاج بادشاہ ہے ٹیکنالوجی کا!

جاپان آٹوموبائلز (Automobiles) میں گاڑیوں میں الیکٹرونکس میں لیڈر رہے، جاپان اپنے سسٹم میں یونیک (Unique) ہے واحد سسٹم ہے دنیا کا کوئی سسٹم بھی ویسا نہیں وہ فخر محسوس کرتے ہیں!

جاپان نے دنیا کو آسان بنادیا کہ نہیں؟ آج اگر جاپان نہ ہوتا میرا خیال ہے ہم آسانی سے یہاں پر نہ پہنچ سکتے کیا خیال ہے آپ کا؟!

اس کمرے میں یہ جو اے سی (AC) لگے ہیں یہ سب جاپانی ہیں اے سی لگے ہیں میرا خیال ہے، یہ پراجیکٹر بھی سونی (Sony) کا ہے جاپان کا ہے، یہ توشیبا (Toshiba) ہے جاپان کا ہے لیپ ٹاپ جو ہے، جاپان نے زندگی کو آسان بنادیا آپ جاپان کے بغیر دنیا کا تصور نہیں کر سکتے آج کے دور میں وہ فخر محسوس کرتے ہیں!

وہ فخر محسوس کرتے ہیں اس لیے کہ وہ کامیابی کی مثال بن چکے ہیں لیکن ایک سوال ہے کیا واقعی جاپان کامیاب ہوا اتنی لمبی بات کرنے کے بعد کیا خیال ہے؟ آیئے دیکھتے ہیں، تجزیہ کرتے ہیں۔

## کیا کہتے ہیں آپ لوگ جاپان واقعی کامیاب ہوا؟ آپ کہتے ہیں نہیں!

ظاہراً دنیاوی اعتبار سے جاپان کامیاب ہوا ہے "ظاہراً" لیکن حقیقتاً کیا کامیاب ہوا؟ نہیں ہوا۔

کیوں؟ دیکھیں جاپان نے صرف ایک دنیا کو جانا ہے "الحیاۃ الدنیا"، اس زندگی کو سمجھا ہے اس دنیا کے لیے کوشش کی ہے محنت کی ہے اور اپنے جو مقاصد تھے پورے کیے ہیں۔

لیکن کیا جاپانی یہ جانتا ہے کہ:

1- اس کو پیدا کس نے کیا؟

2- جس نے اس کو پیدا کیا اس کو توفیق دی اس کو عقل دی اس کو محنت کرنے کی توفیق دی وہ کون سی ذات ہے؟

3- کیا اس نے اپنے خالق کو مالک کو پہچانا ہے؟ کیا اس کے سامنے اپنا سَر کو جھکایا ہے؟

4- کیا اس زندگی کے بعد دوسری کوئی زندگی بھی ہے نہیں جانتے!

5- کیا آخرت بھی کوئی چیز ہے؟ دنیا اور آخرت کا کوئی تناسب ہے؟

6- یہ وقتی طور پر زندگی ہے ٹویوٹا صاحب گاڑی بنا کر مر گئے آج وہ کمپنی موجود ہے دنیا کو اس نے کاریں دی ہیں آسانی دی ہے ہم بھی اُن کی کاریں استعمال کرتے ہیں اس کے ساتھ کیا حشر ہو رہا ہے؟!

جاپان کامیاب نہیں ہوا حقیقتاً کیونکہ لوگوں کی دو قسمیں ہیں، یا تو ہیں اہل الجنۃ یا تو اہل النار۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿لَا يَسْتَوِيٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝۲۰﴾ (الحشر:20)۔

﴿الْفَاۗىِٕزُوْنَ﴾ کون ہیں؟ Successful کون ہیں؟ کامیاب کون ہیں؟ ﴿اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ﴾ جنت والے۔

لیکن ایک سوال اٹھتا ہے تو پھر دنیا اُن کے پاس کیوں ہے؟

اس کا جواب اللہ تعالیٰ دیتے ہیں: ﴿فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۴۴ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝۴۵﴾ (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے میرے پیارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے اور ان کافروں کو چھوڑ دیں میں جانوں اور یہ جانیں جو قرآن مجید کو جھٹلاتے ہیں ہم انہیں ڈھیل دیں گے اور آہستہ آہستہ پکڑیں گے اس جگہ سے جہاں ان کو گمان بھی نہ ہوگا علم بھی نہ ہوگا، اور میں انہیں ڈھیل دوں گا بے شک میری پکڑ بہت سخت ہے) (القلم:44-45)۔

کامیابی کی اصل بنیادیں کیا ہیں؟ میں نے اپنا درس سورۃ العصر سے شروع کیا تھا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَالْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ڏ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳﴾ (1-3)

(قسم ہے زمانے کی بے شک جنس انسان خسارے میں ہے سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے صالح عمل کیے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کی نصیحت کی اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت اور وصیت کی)

اللہ تعالیٰ نے زمانے کی قسم کھائی ہے حکمت یہ ہے (واللہ اعلم) کہ اس زمانے میں انسان زندگی بسر کرتا ہے اور اس زمانے میں ہی انسان کو خیر اور شَر حاصل ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس بدلتے ہوئے زمانے کی قسم کھائی ہے۔

اور قسم غیر اللہ کی قسم کھانا اللہ کے لیے جائز ہے کیونکہ وہ خالق ہے (جلّ شانہ) مخلوق کے لیے شرک ہے جائز نہیں ہے کہ کوئی شخص غیر اللہ کی قسم کھائے؛ نبی کی قسم کھانا، ولی کی قسم کھانا جائز نہیں ہے شرک ہے۔

بے شک ﴿الْإِنسَانَ﴾ جنس ہے انسان؛امیر ہے یا غریب ہے، مرد ہے یا عورت ہے، چھوٹا ہے بڑا ہے، مسلم ہے غیر مسلم ہے، سارے کے سارے جب وہ انسان ہے تو وہ خسارے میں ضرور ہے حقیقتاً خسارے میں ہے لیکن یہاں پر استثناء ہے کہ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے۔

ایمان لائے کا کیا مطلب ہے؟ اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا "جو علم رکھتے ہیں علم والے ہیں"، نہیں! فرق یہ ہے کہ علم ایمان کے بغیر سب سے بڑی ناکامی ہے! اِن لوگوں کے پاس علم ہے لیکن ایمان کو نہیں جانتے؛ ایمانیات، توحید، عقیدے کو نہیں جانتے تو اس علم کا فائدہ ہی کیا ہے؟!

علم بغیر ایمان کے بغیر عقیدے کے علم کے واضح کھلی اور عظیم ناکامی ہے!

﴿عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ﴾: عمل، ہارڈ ورک (Hard work)، محنت و مشقت، بغیر علم کے ناکامی ہے کھلی ناکامی ہے!

﴿تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ﴾: علم، عمل، محنت، اور اگر بغیر ﴿تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ﴾ کے ہو نصیحت کے بغیر ہو تب بھی ناکامی ہے!

اور ﴿تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ﴾: علم، محنت، اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کرنا اگر بغیر صبر کے ہے بغیر اخلاق کے ہے تو پھر یہ کھلی گمراہی ہے اور کھلی ناکامی ہے!

قرآن مجید میں ہمیں اس چھوٹی سی سورۃ میں قاعدے بیان فرمائے ہیں اللہ تعالیٰ نے یہ قاعدے جو ہیں یہ قاعدوں کی بنیادیں ہیں کامیابی کے جو قاعدے میں نے بیان کیے ہیں اُن کی بنیادیں اللہ تعالیٰ نے بیان کی ہیں کون سی بنیادیں تھیں کامیابی کی؟ علم، اخلاق، محنت۔

اللہ تعالیٰ نے اُن بنیادوں کو بیان کیا ہے:

1-سب سے اہم بنیاد تعلیم کی کیا ہے؟ ایمان۔

2-سب سے اہم بنیاد محنت کی ہارڈ ورک (Hard work) کی کیا ہے؟ عمل صالحات (اچھے عمل)۔

3-اور سب سے اہم چیز اخلاق کی کیا ہے؟ اخلاق کی بنیاد کیا ہے؟ صبر۔

بغیر صبر کے اخلاق آپ سوچ سکتے ہیں تصور کر سکتے ہیں؟! بے صبرے انسان کے اخلاق کبھی اچھے نہیں ہو سکتے! بغیر صبر کے انسان نہ تو علم حاصل کر سکتا ہے نہ عبادت کر سکتا ہے، اور نہ اُس کے اخلاق اچھے ہو سکتے ہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہاں پر بنیادوں کی بنیادوں کو بیان فرمایا ہے جو کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے تو علم، محنت و مشقت اور اخلاق بغیر ایمان، عمل صالح اور صبر کے کیا ہیں؟ ناکامی کا راستہ ہیں بے کار ہیں!

تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ کامیابی کی بنیادیں اور چیزیں ہیں اور کامیابی کی اصل بنیادیں اور چیزیں ہیں۔

کامیابی کی اصل بنیادیں کیا ہیں؟

1-ایمان۔

2- عمل صالحات۔

3- صبر۔

بعض لوگ کہتے ہیں اس کا مطلب ہے کہ صرف ہم آخرت کے لیے کام کرتے رہیں دنیا کو چھوڑ دیں؟! صوفیت کا راستہ اپنالیں اس کا مطلب ہے؟! نہیں میرے بھائیو! ہر گز نہیں!

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دعا فرماتے اور تھوڑا سا وقت ہوتا یا تھوڑے سے وقت میں کوئی دعا کرنا چاہتے تو یہ عظیم دعا پڑھتے: ﴿رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾ (اے ہمارے ربّ! ہمیں دنیا کی بھلائی عطا فرما، آخرت کی بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں جہنم کے عذاب سے نجات عطا فرما) (البقرة:201)۔

دنیا کی اچھائی دنیا کی بہتری کے لیے دعا کرنا یہ دینی مقصد ہے، آخرت کی بھلائی جنت کے لیے دعا کرنا یہ دینی مقصد ہے، اور جہنم سے آزادی کے لیے دعا کرنا یہ دینی مقصد ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے ہمیں علم نافع اور عمل صالح کی توفیق عطا فرمائے، قرآن اور سنت پر چلنے کی سلف صالحین کے روشن منہج پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

﴿سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝﴾

وَصَلَّي اللهُ وَسَلَّمَ وَبَارِكْ عَلٰي نَبِيِّنَامُحَمَّدٍ وَّعَلٰي اٰلِه وَصَحْبِه اَجمَعِين

یہ رسالہ ڈاکٹر مرتضی بن بخش (حفظہ اللہ) کے آڈیو درس کامیابی کی بنیادیں سے لیا گیا ہے۔ سبق لسانی اور تعبیر کی غلطی کو درست کر دیا گیا ہے۔ قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر کوئی اور غلطی نظر آئے تو ضرور آگاہ کریں اور اس خیر کے کام میں شامل ہو جائیں۔

mp3 Audio